Parent Self Serve – Urdu

آپ کو ٹیمز پیرنٹ سیلف سرو (پی ایس ایس) کی
جانب سے خوش آمدید

یہ ایک نیا نظام ہے جو کہ والدین کو ہمارے نئے طالب علموں کی معلومات کے نظام سے منسلک کرتا ہے. اس سروس کی وجہہ سے والدین اپنے بچوں کے متعلق مندرجہ ذیل موجودہ صورتحال سے ہمہ وقت آگاہ رہتے ہیں.

درجات
حاضری
تاخیرات
گھر کا کام/ اسائنمنٹس
آپ اپنے بچوں کے اساتذہ کو ای میل بھی بھیج سکتے ہیں

اگر آپکے گھر میں کمپیوٹر نہیں ہے تو کسی بھی کمپیوٹر سے اس سروس تک رسائی حاصل کی جا سکتی ہے. آپ اپنے بچے کے سکول میں موجود کمپیوٹر کا استعمال بھی کر سکتے ہیں.

اگر آپ پہلے سے رجسٹر نہیں ہیں تو ہر ایک والد/والدہ/سرپرست کو ایک نیا اکاونٹ کھولنا ہو گا. اس کے لیے آپ کو سکول کی ویب سائٹ سے **cfbisd.edu/Parents/Parent Self-Serve**- پر جانا ہو گا. رجسٹریشن کا عمل شروع کرنے کے لئے آپ 'نیو یوزر' کا انتخاب کریں گے. رجسٹریشن کے دوران براے مہربانی بڑے اور چھوٹے حروف کا خاص خیال رکھیں.

آپ کو ایک یوزر آئی ڈی بنانے کو کہا جاۓ گا. اس آئی ڈی کی زیادہ سے زیادہ تعداد ۳۲ حروف تہجی اور ہندسے ہیں. آپ کو ایک پاس ورڈ کا انتخاب بھی کرنا ہو گا، جس کی حد زیادہ سے زیادہ ٦٤ حروف اور ہندسے ہے۔ آپ کو ایک معینہ اشارہ یا پاس ورڈ کا انتخاب بھی کرنا ہو گا. اس معینہ اشارہ یا پا س ورڈ کی حد زیادہ سے زیادہ ٦٤ حروف اور ہندسے ہے. آپ کو ایک حفاظتی سوال اور جواب کا انتخاب کرنے کے لئے بھی کہا جاۓگا (زیادہ سے زیادہ حد ۱۵۰ حروف/ہندسے) تا کہ پاس ورڈ بھول جانے کی صورت میں آپ کی شناخت کی تصدیق کی جا سکے.

اگر آپ ڈسٹرکٹ کے ملازم ہیں تو آپ کو رجسٹر کرنے کی ضرورت نہیں ہے . آپ 'موجودہ استعمال کنندہ' / ایگز سٹینگ یوزر کا انتخاب کریں گے اور اپنا ٹیمز کا یوزر نیم اور پاس ورڈ داخل کریں گے.

آپ کو اپنے صرف ایک بچے کے لئے مندرجہ زیل معلومات فراہم کرنی پڑیں گی تا کے آپ والدین کے طور پر رجسٹڑ ہو سکیں اور اس کی تصدیق کی جا سکے:

- والدین کا ای میل ایڈریس (جو آپ نے سکول کو فراہم کیا تھا)
- ماں/باپ/سر پرست کا پہلا نام
- ماں/باپ/سر پرست کا آخری نام
- طالب علم کی تاریخ پیدائش
- طالب علم کا شناختی نمبر (آپ کے طالب علم کو اس کا علم ہو گا)
- طالب علم کا آخری نام
- والد/والدہ/سر پرست کا زپ کوڈ جن کے ساتھ طالب علم رہائش پزیر ہو

آپ کے تمام بچے، جو کہ سی ایف بی کے طالبعلم ہیں، ایک ہی اکاونٹ میں شامل ہوں گے. اگر آپ کی تمام فراہم کردہ معلومات ٹیمز کو فراہم کی گئی معلومات کے یکساں ہوں گی تو آپ فوراً ہی رجسٹڑ ہو جائیں گے اور پیرنٹ سلف سرو کو استعمال کرنے کے لئے تیّار ہوں گے.

اگر آپ کی فراہم کی گئی معلومات ایک دوسرے کے مشابہ نہیں ہوں گیں تو آپ رجسٹڑ نہیں ہو سکیں گے یا پھر آپ کے تمام بچے ایک اکاونٹ میں شامل نہیں ہو سکیں گے. ایسی صورت میں آپ کو سکول سے رابطہ کرنے کی ضرورت ہے تا کہ مسئلہ کو حل کیا جا سکے. ایک مرتبہ تمام اعدادوشمار کی تصہیح ہو جانے کے بعد آپ بغیر کسی پریشانی کے رجسٹڑ ہونے کے قبل ہو جائیں گے اور آپ کی توثیق کی جا سکے گی.

اگر آپ کو مزید پریشانی کا سامنا ہو تو براےمہربانی اپنے سکول سے رابطہ کیجئے .